© rasailojaraid.com



# مطبوعات

**پاسدارانِ دعوت و عزیمت :** از جناب منیر خلیلی صاحب ۔ حسن البناء اکیڈمی ' راولپنڈی ۔ ناشر ' دار الکتب ' گارڈن کالج روڈ ' راولپنڈی ۔ متوسط کتابت و طباعت ۔ صفحات ۱۹۶ ۔ قیمت درج نہیں ۔

یہ دور جب کہ ملکوں ملکوں میں دعوتِ اسلام اور تجدید و احیائے اسلام کی مساعی عمل میں آ رہی ہیں ' کہیں تیز تیز اور زور دار ' کہیں آہستہ آہستہ اور نرم خیز ۔۔۔ پھر ایسی مساعی کے سر تکمین کو طاغوت زدہ یا نافہم حکومتیں استبداد کی چکی میں پیستی ہیں اور ان کو ترغیب و تحسین خداوندانِ باطل کی طرف سے ملتی ہے ۔ لیکن کچلے پسے ہوئے خدا پرستوں میں پھر سے نئی قوت ابھر آتی ہے اور وہ پھر دعوتِ حق کا علم بلند کر دیتے ہیں ۔ اس طرح تاریخ کے سمندر میں جب اسلامی دعوتِ انقلاب کی لہریں بلند ہوتی ہیں تو جو ہستیاں ان کو اٹھانے اور سربلند رکھنے والی ہوتی ہیں ' غالباً " منیر خلیلی صاحب کی نگاہ جوہر شناس ایسی ہی شخصیتوں پر مرتکز ہوئی ہے ' اور انہوں نے ایمانی شعور اور والہانہ جذبات کے ساتھ ان کی ایسی تصویر کشی کی ہے کہ دیکھنے والوں کی نگاہیں جذب ہو کر رہ جاتی ہیں ۔ منیر صاحب نے پاسدارانِ دعوت و عزیمت کے احوال و مقامات پیش کرتے ہوئے اپنی نازک ذمہ داری کو یوں محسوس کیا ہے " ہم پل صراط عبور کر رہے ہیں " ۔

منیر صاحب نے اس دورِ افتراق کی پیدا کردہ گروہ بندیوں سے بالا تر ہو کر عالمِ اسلام میں جہاں کہیں اسلام کی مہر منیر کی روشنی کے چشمے اُبلتے دیکھے ' وہیں نگاہیں جما دیں ۔ جن بڑے آدمیوں یا رجالِ عظیم کا ذکر اس کتاب میں ہے ان کی شخصیتوں کی بڑائی کا فیصلہ اس معیار سے کیا گیا ہے کہ " کسی شخصیت پر قرآن کا کتنا رنگ ہے اور وہ محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت کا اپنے اندر کتنا عکس رکھتی ہے " ۔

کتاب میں باب اوّل شیخ احمد یاسین (تحریک انتفاضہ فلسطین) کے بیان سے کیا گیا ہے ۔ اپنی

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



سرسری تاثراتی واقفیت کے مقابلے میں جب شیخ کے تفصیلی احوال کو پڑھا تو حیران رہ گیا کہ اس شخصیت نے کیسے کیسے کارنامے انجام دیے' خصوصاً" ایک حادثہ میں گردن کے مہرے ٹوٹ جانے کے بعد جب وہ لحم و استخوان کا بہت ہی معذور ڈھانچہ بن کر رہ گئے تو نہ جانے کیسے ایمانی جذبے سے وہ تحریک انتفاضہ کے سربراہ بلکہ روح رواں بن گئے اور اسرائیل اور مغرب کے لیے باعثِ صد پریشانی۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں کا بھی انہیں بطورِ خاص مرجع بنا دیا۔ اس دوران میں انہوں نے کئی کئی ہجرتیں کیں اور جیل میں بھی رہے۔ مگر جسمانی طور پر شدید معذور ہستی کے ایمانی جہاد میں کوئی فرق نہ آیا۔ اور داد دیجئے اس عظیم خاتون حلیمہ حسن یاسین کو جس نے شیخ کی ساری معذوریوں کے ساتھ اپنی زندگی مناکحت کے لیے پیش کر دی اور پھر ان کو کرسی پر اِدھر اُدھر لے جانے کے علاوہ ان کی صفائی ستھرائی اور تمام ضروریات و مسائل کی ذمہ داری لی۔ ہزار مغرب پرست ماڈرن لڑکیاں اور بیگمات اس کے پاؤں کی جوتی پر نثار!

پھر مصر کے حافظ سلالہ کا تذکرہ پڑھا تو اس نے اور بھی ورطہ حیرت میں ڈال دیا۔

حافظ سلالہ یہودیوں کے خلاف ۱۹۴۹ء کی جنگ میں شریک ہوئے۔ پھر معرکہ نہر سویز ۱۹۵۶ء میں محاذ آرا ہوئے۔ ۱۹۷۳ء میں جب سویس شہر کو مصری فوجی کمانڈر نے لاؤڈ اسپیکروں سے خالی کرنے کا اعلان کر دیا تو حافظ سلالہ نے جوابی اعلان یہ کیا کہ سویس خالی نہیں کیا جائے گا اور ہم جیتے جی دشمن کو قابض نہیں ہونے دیں گے' بلکہ بچہ بچہ گلی گلی میں لڑے گا' اسرائیلیوں کو سنا دیا گیا کہ سویس کا محاذ قائم ہے۔ اس اعلان پر شہر کے تمام لوگ تیار ہو کر سڑکوں پر آ گئے۔ فوج نے یہ منظر دیکھا تو وہ بھی پلٹ آئی۔ چنانچہ اسرائیلی فوج پیچھے ہٹ گئی۔ حافظ سلالہ کو "دیوانہ بوڑھا" اور "بوڑھا شیر" کہا جانے لگا۔ اخوان کے خلاف ناصر کے فرعونی ظلم کے بعد حافظ سلالہ نے از سرِ نو تحریکِ نفاذِ شریعت کے لیے تنظیم کھڑی کر لی۔ سادات کے بعد (جسے حافظ سلالہ ہی نے ختم کیا تھا)۱۹۸۱ء میں جب حسنی مبارک اپنے پیشرو کی خون آلود گدی پر بیٹھا تو اسے اندازہ ہو گیا کہ اخوان نے جو تحریک اٹھائی تھی' وہ دوسرے روپ میں ابھر آئی ہے۔ پھر قید و بند اور حکومت سے آویزش کی آزمائش شروع ہو گئی۔ لیکن حافظ سلالہ کا کام جاری رہا۔

پھر اہم تذکرہ ترکی کے صالح اوزجان کا ہے۔

جدید ترکوں کے الغائے خلافت نیز اسلامی عبادات اور اقدار و آثار کو مٹانے اور اسلامیت کے بجائے مغربی سیکولرازم اور دین و ریاست کا انقطاع' اور معاشرت و تعلیم میں مغرب کی تقلیدِ مُطلق نے وہ پس منظر مہیا کیا جس نے اندر ہی اندر بیشمار لوگوں پر اثر ڈالا ہو گا' اسی نے صالح

© rasailojaraid.com